الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

وزارة الصحة
Ministry of Health

## عام قوانین

گاہک صرف اس صورت میں سیلون جا سکتے ہیں جب ان کے پاس پہلے سے اپائنٹمنٹ ہو۔

بغیر اپائنٹمنٹ کسی کوبھی اجازت نہیں ہوگی۔

ہر دو اپائنٹمنٹ کے مابین کم از کم 20 منٹ کا وقفہ ہونا لازمی ہے تاکہ اس دوران اسٹاف کرسیوں اور آلات کو جراثیم سے صاف کر سکیں ، اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں اور ذاتی حفاظتی کٹ (PPE) کو تبدیل کرسکیں۔

## اپائنٹمنٹ کے وقت سیلون اسٹاف

کو گاہک سے گذشتہ 14 دن کے بارے میں اس کی صحت سے متعلق درج ذیل سوالات پوچھنے چاہئے:

- کیا آپ ان میں سے کوئی ایک علامت محسوس کر رہے ہیں: بخار، کھانسی، تھکاوٹ، سانس میں کمی، بو کا احساس نہ ہونا، ذائقہ محسوس نہ ہونا، گلے میں سوزش
- کیا آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ رابطے میں تھے جس میں یہ علامتیں پائی جاتی ہوں یا پھر اس میں کوویڈ -19 پایا گیا ہو؟
- کیا آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ رہتے ہیں جو قرنطینہ کی مدت میں ہو؟

**اگر مذکورہ بالا سوالات میں سے کسی ایک کے جواب میں گاہک ہاں کہتا ہے تو سیلون اسٹاف گاہک کو اپائنٹمنٹ دینے سے انکار کردے۔**

- سیلون میں داخل ہونے سے پہلے روزانہ انفراریڈ تھرمامیٹرکے ذریعہ سیلون اسٹاف اور گاہکوں کا درجہ حرارت چیک کیا جانا چاہئے۔ اسٹاف یا گاہک میں کسی کا بھی درجہ حرارت 37.5°C ہو یا اس سے زیادہ ہو تو فوری طور پر سیلون چھوڑدےاور 444 پر فون کرے۔
- سیلون پہنچنے پر اگر کسی گاہک میں COVID-19 سے متعلقہ علامتیں پائی جائیں تو سیلون اس کا اپائنٹمنٹ کینسل کردے اور اسے رخصت ہونے کو کہے۔
- گاہکوں کے نام، موبائل نمبر ، اپائنٹمنٹ کی تاریخ اور وقت ریکارڈ کریں۔یہ ریکارڈ وزٹ کی تاریخ سے 30 دن تک محفوظ رکھنا چاہئے۔
- تمام گاہکوں کے مابین ہر وقت 2 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنا چاہئے۔

Urdu

مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا COVID-19

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

وزارة الصحة
Ministry of Health

# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

سیلون کے اندر انتظار کی جگہ بند رہیں گی۔ہر قسم کے رسالےاور میگیزین نیز کرسیاں ہٹالی جائیں۔ اگر کوئی گاہک جلدی پہنچتا ہے تو سیلون کے باہر یا اپنی ذاتی گاڑی میں انتظار کرے۔

تمام عملے کو ہر وقت دستانے اور چہرے کے ماسک پہنے چاہئیں۔ ہر گاہک کیلئے ذاتی حفاظتی کٹ (ماسک اور دستانے) کو تبدیل کرنا چاہئے ۔ اگر یہ گندی یا خراب ہو جائے تو بھی تبدیل کی جائے۔

ایسی خدمات انجام دیتے وقت جس میں گاہکوں کے ساتھ براہ راست رابطے کی ضرورت ہو اسٹاف کو چہرے کی ڈھالیں (face-shields) پہننی چاہئے۔ ہر گاہک کے بعد فیس شیلڈ کو کم از کم 70 فیصدالکحل پر مشتمل جراثیم کش کے ذریعہ صاف کیا جائے۔

گاہکوں کو ممکنہ حد تک ماسک اور دستانے پہنے چاہئے۔ البتہ شیونگ کیلئے ماسک کو ہٹا یا جاسکتا ہے ، مینیکیور کے لئے دستانے بھی ہٹائے جاسکتے ہیں۔

سیلون میں گاہکوں کیلئے کھانے پینے کی اشیاء پر مکمل پابندی ہے البتہ وہ اپنے لئے پانی کی بوتلیں لاسکتے ہیں۔ اسٹاف کھانے پینے کی اشیاء کا استعمال ایک مخصوص کمرے میں کر سکتے ہیں۔

اسٹاف ہر گاہک سے پہلے اور بعد میں صابن اور گرم پانی سے کم سے کم 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھ دھو ئے ۔ اگر وہ غلطی سے ان کے چہرے کو چھولے تب بھی ہاتھ دھو ئے اور دستانے اتارنے کے بعد بھی ۔

وینٹیلیشن سسٹم کا صحیح طریقے سےکام کر نا ضروری ہے۔ کھڑکیوں یا دروازوں کو کھولنے سے اور وینٹیلیشن پنکھوں کے ذریعہ باہری ہواکو اندر آنے دیں۔

سینیٹائزر (جو کم سے کم 70فیصد الکحل پر مشتمل ہو) کسی بھی خدمت کی انجام دہی کے دوران استعمال کرنا چاہئے اور اسےدکان میں رکھنا ضروری ہے۔

الیکٹرانک ادائیگی ((electronic payment کےاستعمال کی ممکنہ کوشش کریں۔

شاور ، سونا اورسٹیم کے کمرے بند رہیں گے۔

قوانین اور شرائط پر عمل کو یقینی بنانے کیلئےسرکاری افسران اور متعلقہ اداروں کی جانب سے تفتیش جاری رہے گی۔

کوئی بھی سیلون جو ان قوانین اور شرائط کو پورا نہیں کرسکتا اس کو بند رکھا جائے۔

سیلون کو گھروں میں جاکر خدمات فراہم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

Urdu

مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا
COVID-19

الحملة الوطنية
لمكافحة
فيروس كورونا
(COVID-19)

# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

وزارة الصحة
Ministry of Health

## وہ سہولتیں جن کی خواتین کے بیوٹی پارلر میں اجازت ہے بشرطیکہ ہر سہولت کے لئے مطلوبہ صحت کی شرائط پر عمل کیا جائے

- ابرو (آئی برو) بنانا: صرف ڈسپوزیبل استرا بلیڈ ہی استعمال کیا جائے، جسے ہر استعمال کے بعد ضائع کردیا جائے۔
- موم (ویکس) سے چہرے اور ابرو کے بالوں کو صاف کرنا: ایک گاہک کے لئے برتن میں صرف اتنی مقدار میں موم (ویکس) لیا جائے جو اس کے لئے کافی ہو۔
- بلیچنگ: بلیچنگ کے لئے برش کو ایک ہی بار ستعمال کیا جائے، جسے ہر استعمال کے بعد ضائع کردیا جائے۔
- کیراٹن یا ہیئر ٹریٹمنٹ: اس شرط کے ساتھ کہ ہیئر ڈرائر کے بجائے اسٹریٹنر استعمال کیا جائے۔
- ہیئر اسٹائلنگ: اس شرط کے ساتھ کہ ہیئر اسٹریٹنر یا کرلر استعمال کیا جائے۔ کسی بھی طرح کے ایئر ڈرائر کی اجازت نہیں ہے۔
- پیرافین (ہاتھ اور پاؤں کو نرم کرنے کے لئے موم (ویکس) کا استعمال: ایک گاہک کے لئے برتن میں صرف اتنی مقدار میں موم (ویکس) لیا جائے جو اس کے لئے کافی ہو۔
- نیل پالش: نیل پالش لگانے سے پہلے اور بعد میں گاہک کم سے کم 20 سیکنڈ کیلئے گرم پانی اور صابن سے اپنے ہاتھ دھوئے یا سینیٹائزر (جو کم از کم 70% الکحل پر مشتمل ہو) استعمال کرے۔

Urdu

مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا
COVID-19


الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

وزارة الصحة
Ministry of Health

# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

## فی الحال مندرجہ ذیل خدمات ممنوع ہیں:

- فیشیل
- ہیئر ڈرائر کا استعمال
- بالوں کا علاج جس میں ہیئر ڈرائر کے استعمال کی ضرورت ہو (جیسے کیراٹین ٹریٹمنٹ ، برازیلین کیراٹین، پروٹین وغیرہ)
- تھریڈنگ
- مائکروبلیڈنگ
- سوئیاں استعمال کرنا
- سپا ،مساج ، اورینٹل باتھ (جیسے مراکش باتھ ، ترک باتھ وغیرہ)
- مہندی لگانا
- میک اپ کرنا
- ٹیننگ
- مصنوعی پلکیں لگانا
- مصنوعی بال لگانا (وہ جو دوبارہ واپس کئے جاتے ہوں)



## بال کاٹنے سے متعلق ہدایات

- بال کاٹنے سے پہلے تمام خواتین کے بال سیلون میں دھوئے جائیں اور مردوں کے بالوں کو پانی چھڑک کر گیلا کیا جائے۔
- اگر ضرورت ہو تو بالوں سے زیادہ پانی خشک کرنے کے لئے ڈسپوزیبل تولیے کا استعمال کریں۔
- چھوٹے اور باریک بالوں کو ہوا میں اڑنے سے روکنے کیلئے بالوں کو گیلا / نم ہونے کے دوران کاٹیں۔
- کپڑے کے اپرن کے بجائے کاغذ یا پلاسٹک کے ڈسپوزیبل اپرن استعمال کریں۔

Urdu

مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا COVID-19

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

وزارة الصحة
Ministry of Health


# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

## شیونگ

- صرف ڈسپوزیبل استرا بلیڈ ہی استعمال کئے جائے۔ ہر گاہک کے بعد بلیڈ کو ضائع کرنا ضروری ہے۔
- مشین کو ہر استعمال سے پہلے اور اس کے بعد کم از کم 70 فیصدالکحل پر مشتمل جراثیم کش کے ساتھ چھڑکنا ضروری ہے۔

## بالوں کو رنگنا

- ایک بار تیار کئے گئے ہیئر ڈائی کا استعمال صرف ایک گاہک کیلئے کیا جائے۔
- کپڑے کے اپرن کے بجائے کاغذ یا پلاسٹک کے ڈسپوزیبل اپرن استعمال کریں۔
- اگر ضرورت محسوس ہو تو ڈسپوزیبل تولیے کا استعمال کریں۔

## ویکسنگ

- آلودگی کو روکنے کے لئے ویکس کو صرف ایک مرتبہ استعمال کرنے کی مقدار میں بنایا جائے۔ بڑی مقدار میں نہ تیار کیا جائے۔
- صرف ڈسپوز یبل سامان استعمال کریں۔ (جیسے پیڈ اور اسپاٹولا وغیرہ)
- ویکس کے برتن کو صرف ایک گراہک کے لئے کافی موم سے بھرنا چاہئے۔
- ہر استعمال کے بعد برتن کو صاف کریں۔

Urdu


مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا
COVID-19

الحملة الوطنية
لمكافحة
فيروس كورونا
(COVID-19)

وزارة الصحة
Ministry of Health

# سیلون ، حجام کی دکانیں اور بیوٹی پارلر کیلئے ہدایات

## مینیکیور اور پیڈیکیور

- مینیکیور سے پہلے اور اس کے بعد گاہک لازمی طور پر کم از کم 20 سیکنڈ کیلئے صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھوئے یا کم از کم 70 فیصدالکحل پر مشتمل سینیٹائزر استعمال کرے۔
- مینیکیور اور پیڈیکیور کرتے وقت گاہک کو چہرے کے ماسک پہننے چاہئیں۔
- پیڈیکیور شروع کرنے سے پہلے کم از کم 70 فیصدالکحل پر مشتمل سینیٹائزر سےگاہک کے پاؤں صاف کرے۔
- استعمال شدہ تمام سازوسامان ( مشین ، پیالے ، قینچی وغیرہ) ہر استعمال کے بعد آٹوکلیونگ طریقوں کے ذریعہ اچھی طرح صاف کئےجائیں۔

Urdu

مجتمع واعي
#معا_ضد_الكورونا
COVID-19